روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
پیر 26 فروری 2007ء 8 صفر 1428 ہجری 26 تبلیغ 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 43

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت چوہدری احمد دین صاحب وکیل گجرات بیان کرتے ہیں کہ:۔

میاں غلام محمد صاحب کو ایک عصبی درد اٹھا کرتا تھا جو سر سے ہوکر آنکھ کے پاس سے گزرتا ہوا بعض داڑھوں سے ہوکر ٹھوڑی تک پہنچتا تھا اور درد کے وقت ان کی حالت یہ ہوجاتی تھی کہ اپنے دونوں ہاتھوں سے وہ سر اور آنکھ اور ٹھوڑی کو بوجہ شدت تکلیف کے دبا کر گردن کو نیچے جھکا لیتے تھے اور دیکھنے والوں کو صاف معلوم ہوتا تھا کہ اس کو نہایت ہی سخت تکلیف ہے۔ چنانچہ انہوں نے اپنی اس بیماری کا کئی جگہ سے علاج کرایا۔ جہاں جہاں بھی انہوں نے طبیبوں اور ڈاکٹروں سے علاج کرایا کہیں سے بھی افاقہ کی صورت نہ ہوسکی۔ چنانچہ اس تکلیف میں سالہا سال گزر گئے۔ انہوں نے اس کے متعلق یہ بھی ذکر کیا کہ اس بیماری کا ڈاکٹروں اور طبیبوں کو کچھ بھی پتہ نہیں لگ سکا کہ یہ کیا بیماری ہے اور اس کا سبب کیا ہے؟ آخر ایک دن میں نے انہیں کہا کہ اگر آپ قادیان چلیں تو وہاں حضرت مولانا نورالدین صاحب سے بھی علاج کروا کر دیکھیں۔ شاید فائدہ ہوجائے اور حضرت اقدس سے بھی دعا کرائیں۔ چنانچہ وہ قادیان میں گئے۔ میں وہاں موجود تھا۔ وہ کچھ عرصہ تک حضرت مولوی صاحب سے دوائی لے کر استعمال کرتے رہے لیکن ان کو کچھ افاقہ نہ ہوا۔ ایک دن میں نے ایک پنجابی نظم لکھ کر جو میاں غلام محمد صاحب کی طرف سے تھی اور بغرض درخواست دعا تھی حضرت مسیح موعود کے حضور اس وقت پیش کی جبکہ حضور سیر سے واپس تشریف لائے۔ اور سیڑھیوں پر چڑھ کر دروازے کے ساتھ کے چھوٹے صحن میں داخل ہوئے جس سے آگے مکان والا دروازہ ہے۔ جب حضرت اقدس نے دروازے کے اندر دو تین ہی قدم اٹھائے ہوں گے کہ ہم دونوں حضور کے آگے پیش ہوگئے۔ اور وہ رقعہ درخواست دعا والا پیش کردیا۔ اس کا آخری شعر جو میاں غلام محمد کی طرف سے میں نے لکھا تھا وہ اب تک مجھے یاد ہے اور میاں غلام محمد صاحب مرحوم بھی زندگی بھر اس شعر کو پڑھا کرتے تھے۔ وہ شعر یہ ہے

نام غلام محمد میرا میں تیریاں وچ غلاماں
بھر کے نظر کرم دی میں ول تکیں پاک اماما

اس شعر کو پڑھ کر حضور نے ان کی طرف مخاطب کرکے فرمایا۔ آپ کا نام غلام محمد ہے؟ پھر میری طرف توجہ فرما کر فرمایا کہ یہ نظم آپ نے لکھی ہے؟ میں نے عرض کیا حضور میں نے ہی لکھی ہے۔ حضور نے میاں غلام محمد کی طرف اچھی طرح سے بنظر شفقت دیکھا اور فرمایا کہ ہم دعا کریں گے۔ اس کے بعد ہم نیچے اتر آئے اور غلام محمد کو اسی وقت سے افاقہ ہوگیا اور اس کی تکلیف رفع دفع ہوگئی اور پھر عرصہ دراز تک اس تکلیف نے عود نہ کیا۔ یہ مسیحائی اعجاز بھی حضرت مسیح موعود کے نشان ہائے برکت وصداقت سے ہے۔

(رجسٹر روایات نمبر 10 ص 72`73)

میاں میراں بخش صاحب ولد میاں رسول بخش صاحب سیالکوٹ بیان کرتے ہیں کہ:۔

ہم جلسہ پر قادیان گئے تھے وہاں جا کر بیعت کی۔ حضور فرمایا کرتے تھے کہ یہاں بار بار آیا کرو۔ یہ مسیح کا زمانہ ہے جس کی لوگ انتظار کرتے تھے۔ یہ پھر ہاتھ نہیں آئے گا۔

ایک دفعہ میں سخت بیمار ہوگیا تھا یہاں تک کہ صرف پنجر رہ گیا تھا۔ میں نے حضور کی خدمت میں دعا کے لئے لکھا۔ حضور کی طرف سے جواب آیا کہ دعا کی گئی اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔ اس کے بعد میں خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھا ہوگیا۔ حالانکہ بڑے بڑے لائق حکیم لاعلاج سمجھ چکے تھے اور علاج بند کر دیا تھا۔

(رجسٹر روایات نمبر 10 ص 158)

قریش کے لئے دعا

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے یہ دعا کی اے اللہ جس طرح تو نے قریش کے اولین کو بلا سے دوچار کیا اسی طرح ان کے آخری حصہ کو اپنی عطا سے بہرہ ور کرنا۔

(جامع ترمذی کتاب المناقب باب فضل الانصار)

خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ خلافت جوبلی کی کامیابی کیلئے احباب جماعت کو نوافل روزوں اور دعاؤں کا پروگرام دیا ہوا ہے۔ احباب سے گزارش ہے کہ اس پروگرام کو پابندی سے جاری رکھیں اور ایک دوسرے کو بھی تلقین کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ خلافت کے بابرکت سایہ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

ضرورت واقفین زندگی اساتذہ

نصرت جہاں اکیڈمی (گرلز سکول، اردو میڈیم سکول ،انگلش میڈیم بوائز وانٹر کالج) ودیگر ادارہ جات نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ کو واقفین اساتذہ (مرد وخواتین) کی ضرورت ہے۔ خواہش مند افراد جو مستقل وقف کرنا چاہتے ہیں وہ اپنی درخواستیں بنام ناظر تعلیم اپنی اسناد کی نقول اور مکرم صدر صاحب/امیر صاحب کی تصدیق کے ساتھ نظارت ہذا کو ارسال فرمائیں۔ درخواست میں مکمل ایڈریس وفون نمبر درج ضرور کریں نیز واقفین نو بھی وکالت وقف نو کے توسط سے اپنی درخواستیں ارسال کر سکتے ہیں۔ درخواست کیلئے اہلیت متعلقہ مضمون میں ماسٹرز ہے۔ ربوہ میں اپنی رہائش کا انتظام ہونا چاہئے۔

(نظارت تعلیم)

احمدی میڈیکل پروفیشنلز متوجہ ہوں

احمدی میڈیکل پروفیشنلز کے درمیان باہمی رابطہ کیلئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی منظوری سے احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان قائم ہے تمام احمدی میڈیکل وڈینٹل ڈاکٹرز اور سٹوڈنٹس سے درخواست ہے کہ فوری طور پر اپنے کوائف مع پتہ و ٹیلی فون نمبرز سے سیکرٹری ایسوسی ایشن کو مندرجہ ذیل پتہ پر آگاہ فرماویں۔

ڈاکٹر سلطان احمد مبشر (سیکرٹری ایسوسی ایشن)
فضل عمر ہسپتال ربوہ فون 047-6211373
6213970,6213909,6215646
فیکس: 047-6212659
ای میل: amapak@gmail.com
(سیکرٹری احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان)

تعارف

مضامین بشیر (جلد اول)

نام کتاب: مضامین بشیر
جلد: اول
ناشر: عبدالمنان کوثر
مطبع: ضیاءالاسلام پریس
صفحات: 671

حضرت مسیح موعود اپنی دوسری شادی اور مبشر اولاد کے بارے میں فرماتے ہیں۔

''اس نے پسند کیا کہ اس خاندان کی لڑکی میرے نکاح میں لاوے اور اس سے وہ اولاد پیدا کرے جو ان نوروں کو جن کی میرے ہاتھوں تخم ریزی ہوئی ہے دنیا میں زیادہ سے زیادہ پھیلاوے''

(تریاق القلوب۔روحانی خزائن جلد نمبر 15 ص 275)

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب الٰہی بشارات کے مطابق پیدا ہوئے۔ اور آپ کی پاکیزہ زندگی سن شعور سے لے کر دم واپسیں تک نیک نمونہ اور مشعل راہ بنی رہی۔ آپ نے قناعت، فروتنی، حلم اور مسکنت کو ہمیشہ اپنا شعار بنائے رکھا۔ قرآن وحدیث کے متبحر عالم۔ اور اس کے ساتھ عربی، انگریزی اور اردو پر پوری قدرت رکھتے تھے۔ تحریر وتقریر میں ہر لفظ برمحل استعمال فرماتے تھے۔ آپ تحقیق طلب مسائل کو محنت اور دوررس نظر سے ان کی کنہ کے ساتھ اس طرح بیان کرنے کا فن جانتے تھے کہ کوئی مضمون تشنہ اور نامکمل نہ رہتا تھا۔ یہی وہ خوبی ہے کہ مجلس انصاراللہ پاکستان نے جماعتی اخبارات و رسائل میں شائع شدہ علمی و تربیتی مضامین تک ہر احمدی کی رسائی ممکن بنانے کے لئے اس بکھرے ہوئے قیمتی سرمائے کو اکٹھا کر کے کتابی صورت میں شائع کرنے کا ارادہ کیا۔ اور اس کی جلد اول الفضل میں 1913ء سے 1945ء تک شائع ہونے والی تحریرات پر مشتمل احباب جماعت کے استفادہ کے لئے شائع کر دی گئی ہے۔ حضرت صاحبزادہ صاحب نے ان تحریرات میں اس تاریخ ساز عہد میں رونما ہونے والے واقعات کی روشنی میں احمدیوں کی علمی اور تربیتی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بہت دلنشیں انداز میں مضامین تحریر کئے ہیں۔ جن میں سیرت و سوانح، تعلیم و تربیت، تاریخ، سیاست، اقتصادیات وصحت کے ساتھ ساتھ خلافت، اصلاح نفس، عبادات اور دوسرے فقہی مسائل کو بھی زیر بحث لاتے ہوئے علم وعرفان کا انمول ذخیرہ چھوڑا ہے۔ جو مشعل راہ بن کر سالک راہ ادب کی ہر لمحہ راہنمائی کر رہا ہے۔

عشق محمد مصطفیٰ ﷺ محبت الٰہی حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ حضرت صاحبزادہ صاحب کی عشق مصطفیٰ میں ڈوبی ہوئی ایک تحریر کا نمونہ درج کرتا ہوں جو آپ کی صفات کے ساتھ ساتھ اردو ادب کا بھی ایک بہترین نمونہ ہے۔

''آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ خصوصیت صرف ان روحانی کمالات تک محدود نہیں جو نبوت کے ساتھ مخصوص ہیں۔ بلکہ اس نادر کرشمۂ قدرت نے دین و دنیا کے جس میدان میں قدم رکھا ہے وہاں حسن واحسان کا ایک کامل نقش اپنے پیچھے چھوڑا ہے۔ یہ دلائل وامثلہ کی بحث میں پڑنے کا موقع نہیں ورنہ میں تاریخ سے مثالیں دے دے کر بتاتا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بچہ تھے تو بہترین بچہ تھے۔ اور جب جوان ہوئے تو بہترین جوان نکلے، ادھیڑ عمر کو پہنچے تو ادھیڑ عمر والوں میں بے مثل تھے اور جب بوڑھے ہوئے تو بوڑھوں میں لاجواب ہوئے۔ شادی کی تو بہترین خاوند بنے اور جب بادشاہ بنے تو دنیا کے بادشاہوں کے سرتاج نکلے۔ کسی کے دوست ہوئے تو جہان کی دوستیوں کو شرما دیا اور اگر کوئی آپ کا دشمن بنا تو اس نے آپؐ کو اپنا بہترین دشمن پایا۔ اس نے اپنی آنکھوں کو آپؐ کے سامنے ہمیشہ کے لئے نیچا کر دیا۔ فوج کی کمان لی تو دنیا کے جرنیلوں کے لئے ایک نمونہ بن گئے اور سیاست کی تو سیاست کا ایک بہترین ضابطہ اپنے پیچھے چھوڑا۔ انتظامی حاکم بنے تو ضبط ونظم کی مثال بن گئے اور قضا کی کرسی پر بیٹھے تو عدل و انصاف کا مجسمہ نظر آئے۔ فاتح بنے تو دنیا کے فاتحین کو ایک سبق دیا اور کبھی کسی معرکہ میں حکمت الٰہی سے مفتوح ہوئے تو مفتوح ہونے کا بہترین نمونہ قائم کیا۔ معلم خیر بنے تو جذب وتاثیر میں عدیم المثال نکلے اور عابد کا لباس پہنا تو تعبد کو انتہا تک پہنچا دیا اور پھر ایسا نہیں ہوا کہ کبھی کسی وصف پر زور رہا ہو اور کبھی کسی وصف پر۔ اپنے اپنے موقع پر ہر وصف کا دوسرے اوصاف کے ساتھ ساتھ کامل طور پر ظہور رہا۔

(مضامین بشیر جلد نمبر 1 ص 148)

یہ کتاب مفید معلوماتی مضامین اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔ سودی مسائل ہوں یا رحم کے مسائل، رمضان المبارک کی برکتوں کا بیان ہو یا بچوں کے لئے تربیتی امور کی ضرورت ہو۔ حضرت صاحبزادہ صاحب نے ہر ایک ضروری ادق مسئلہ پر پُر حکمت انداز میں احباب کی راہنمائی فرمائی ہے۔

خداتعالیٰ اس کتاب کی اشاعت پر خدمت کا موقع پانے والے ہر شخص کو اجر عطا فرمائے۔ اور خداتعالیٰ تمام احمدی احباب کو اس کتاب سے صحیح معنوں میں استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین (ایم آر طاہر)

☆☆☆

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

مسابقت الی الخیرات

۞ تحریک جدید کے سال کا اختتام اگرچہ ماہ اکتوبر میں ہوتا ہے۔ لیکن تحریک جدید کے مخصوص حالات اور عالمگیر ذمہ داریاں پیش نظر رکھتے ہوئے اس تحریک کے مقدس بانی نے تحریک جدید کی مالی قربانی سے عہدہ برأ ہونے میں سبقت کو بہت پسند فرمایا ہے۔ اس ضمن میں حضرت مصلح موعود کے خطبہ جمعہ 29 نومبر 1935ء کے ارشادات ہدیہ قارئین کئے جاتے ہیں۔

''یاد رکھو نیکی جتنی جلدی کی جائے اتنا ہی ثواب زیادہ ہوتا ہے۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ یہ خیال کر لیتے ہیں کہ آخر میں دینگے، بعض اوقات وہ دے ہی نہیں سکتے۔ بعض نے مجھے خطوط لکھے ہیں کہ ہم نے خیال کیا تھا کہ بعد میں دے دینگے۔ مگر بدبختی سے ملازمت جاتی رہی یا آمد کے دوسرے ذرائع بند ہو گئے۔ پس یہ مت خیال کرو کہ سال کے آخر تک دے دینگے جو لوگ آخر وقت نماز ادا کرنے کے عادی ہوتے ہیں وہ بھول بھی جاتے ہیں پس پہلے دینے کا ثواب زیادہ ہوتا ہے۔''

(خطبات محمود جلد 16 صفحہ 754)

اندریں صورت مخلصین جماعت سے درخواست ہے کہ وہ حضور کے ارشاد مذکورہ بالا کے پیش نظر اپنی موعودہ قربانی کو پیش کرنا سال کے آخر تک موخر نہ رکھیں بلکہ اولین موقع پر اس سے عہدہ برأ ہونے کی کوشش کریں اور سبقت کے ثواب سے بہرہ ور ہوں۔

(مرسلہ: وکیل المال اول تحریک جدید)

ولادت

۞ مکرم جمیل احمد انور صاحب مربی سلسلہ نظارت تعلیم القرآن تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے مورخہ 12 فروری 2007ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ نومولودہ خدا کے فضل سے وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچی کا نام شمائلہ انور عطا فرمایا ہے۔ بچی مکرم اطہر احمد نظام صاحب معزز الیکٹرانکس گولبازار ربوہ کی پوتی اور مکرم عبدالسلام عارف صاحب مون لائٹ جنرل سٹور محسن مارکیٹ ربوہ کی نواسی ہے۔ احباب سے بچی کے نیک صالحہ خادم دین نیک نصیب اور والدین کیلئے قرۃ العین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

درخواست دعا

۞ مکرمہ جمیلہ رانا صاحبہ صدر لجنہ حلقہ نمبر 4 علامہ اقبال ٹاؤن لاہور تحریر کرتی ہیں کہ میری بھانجی محترمہ عابدہ بیگم صاحبہ بنت مکرم مرزا محمد اسحٰق بیگ صاحب مرحوم عارف والا کو مورخہ 20 فروری 2007ء کو ہارٹ اٹیک ہوا۔ پی آئی سی ہسپتال کے سی سی یو میں زیر علاج ہیں۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

ولادت

۞ مکرم الحاج ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب ریلوے روڈ ربوہ لکھتے ہیں کہ میری نسبتی ہمشیرہ مکرمہ فرخندہ جبیں صاحبہ اہلیہ مکرم محمد اعظم بھٹی صاحب آف بیلجیئم کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 4 فروری 2007ء کو ایک بیٹے کے بعد بیٹی سے نوازا ہے۔ نومولودہ وقف نو میں شامل ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس کا نام ازراہ شفقت عافیہ ھدی عطا فرمایا ہے۔ نومولودہ مکرم عبدالحفیظ بھٹی صاحب مرحوم دارالعلوم وسطی ربوہ کی پوتی اور مکرم ہمایوں اقبال اختر صاحب دارالعلوم جنوبی بشیر ربوہ کی نواسی ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو صحت والی لمبی زندگی دے اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

۞ مکرم صفی الرحمٰن خورشید صاحب مربی سلسلہ نصرت آرٹ پریس ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ مکرم محمد احمد صاحب ابن مکرم عبدالحی صاحب مرحوم مورخہ 8 فروری 2007ء کو کراچی میں 56 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ آپ لاہور میں پیدا ہوئے۔ کراچی میں اپنے حلقہ میں جماعتی خدمات انجام دیتے رہے۔ آپ کی نماز جنازہ بیت العزیز کراچی میں مکرم عبدالعلیم ناصر صاحب مربی سلسلہ نے 9 فروری 2007ء بعد از نماز جمعہ پڑھائی اور باغ احمد میں تدفین کے بعد مکرم ظفراللہ بٹ صاحب سیکرٹری مال حلقہ سمن آباد نے دعا کروائی۔ مرحوم حضرت بابو عبدالغفور صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے پوتے تھے مرحوم نے بیوہ، ایک بیٹا مکرم ریاض احمد صاحب بعمر 19 سال اور ایک بیٹی عزیزہ مریم یادگار چھوڑے ہیں۔ احباب سے ان کی مغفرت اور بلندیٔ درجات کیلئے درخواست دعا ہے۔

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاءالاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

تبرکات: ......حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب

بے کاری کے نقصانات اور اس کے انسداد کا تربیتی پہلو

بیکاری کا مرض

اس زمانہ میں بے کاری کی مرض بہت زیادہ پھیل رہی ہے اور کم وبیش ہر قوم اور ہر ملک میں پائی جاتی ہے۔ میں نے اس کے متعلق مرض کا لفظ اس لئے استعمال کیا ہے کہ سوائے بعض حقیقی معذوری کی صورتوں کے جب انسان واقعی کام نہ ملنے کی وجہ سے بیکاری کیلئے مجبور ہو جاتا ہے فی زمانہ اکثر صورتوں میں بے کاری حقیقتہً ایک اخلاقی مرض ہے جو دوسری اخلاقی بیماریوں کی طرح اکثر انسانوں کو لگ کر خراب کر رہی ہے۔ یعنی بہت سے لوگ ایسے ہیں جنہیں کام تو مل سکتا ہے مگر یہ خیال کر کے کہ ہمیں جائیداد وغیرہ سے کافی آمد ہے اس لئے کام کی ضرورت نہیں یا یہ خیال کر کے کہ جو کام ملتا ہے وہ ہماری شان کے مطابق نہیں، وہ کام نہیں کرتے اور بے کاری میں اپنی زندگی گزار دیتے ہیں۔ ایسی بیکاری گو اقتصادی لحاظ سے بھی نقصان دہ ہوتی ہے کیونکہ جب سوسائٹی کا ایک طبقہ آمد پیدا کرنے کے بغیر رہے گا تو لازماً اس کے نتیجہ میں ملک وقوم کا مالی نقصان ہوگا مگر اس کا اصل نقصان تربیتی اور اخلاقی پہلو سے تعلق رکھتا ہے۔ گویا بے کاری کا مسئلہ دو جہت سے قابل غور ہے۔ اول اقتصادی لحاظ سے اور دوسرے تربیتی لحاظ سے اور میں اپنے اس مختصر مضمون میں موخر الذکر صورت کے متعلق کچھ بیان کرنا چاہتا ہوں۔

اخلاقی اور دینی لحاظ سے بیکاری کے نقصانات

سب سے پہلے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ تربیتی لحاظ سے بیکاری ایک نہایت ہی مہلک بیماری ہے۔ جس کی وجہ سے انسان کے دین اور اخلاق کو خطرناک نقصان پہنچتا ہے مگر افسوس ہے کہ اکثر لوگ اس نقصان کو دیکھنے اور سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے اور صرف اس کے اقتصادی پہلو تک اپنی نظر کو محدود رکھتے ہیں۔ اخلاقی اور دینی لحاظ سے بے کاری کے موٹے موٹے نقصانات یہ ہیں:

(1) وقت جیسی قیمتی چیز جو غالباً دنیا کی چیزوں میں سب سے زیادہ قیمتی ہے ضائع جاتی ہے۔ جسے انسان بے شمار صورتوں میں ملک اور قوم اور دین کی خدمت میں خرچ کر سکتا ہے۔

(2) وقت کو بے کار گزارنے کی عادت پیدا ہوتی ہے اور وقت کی قدر وقیمت کی حس ماری جاتی ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایسے آدمی کو جب کوئی کام ملتا ہے تو عادت کی وجہ سے وہ اس میں بھی سستی اور غفلت اختیار کرتا ہے اور اس کا فرض شناسی کا معیار بالکل گر جاتا ہے جو اخلاقی اور دینی لحاظ سے سخت مہلک ہے۔

(3) بے کار لوگ عموماً خراب عادتوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں کیونکہ جب انسان کے پاس کوئی کام نہیں ہوتا پھر وہ اپنے وقت کو گزارنے کیلئے اپنے واسطے ایسے مشاغل تلاش کرتا ہے جو اس کے اختیار میں ہوتے ہیں اور اس طرح وہ بری عادتوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ مثلاً شراب نوشی۔ افیون اور بھنگ چرس وغیرہ کا استعمال۔ جوئے بازی، شطرنج اور تاش اور اسی قسم کی دوسری بے فائدہ اور مخرب اخلاق کھیلیں، غیبت جو بیکاروں کی مجلس کا خاصہ ہے وغیرہ وغیرہ۔

(4) بے کاری سے بد صحبتی کی عادت پیدا ہوتی ہے کیونکہ جب انسان بے کار ہوتا ہے تو وہ اپنا وقت گزارنے کیلئے اپنے مفید مطلب مجلس ڈھونڈتا ہے اور بالعموم یہ مجلس اخلاقی اور دینی لحاظ سے بہت گندی ہوتی ہے۔

(5) بے کاری سے بے جا اعتراضات اور نکتہ چینی کی عادت پیدا ہوتی ہے جس میں انسان اس بات کو بالکل بھول جاتا ہے کہ میں جس شخص یا جماعت یا نظام پر اعتراض کر رہا ہوں اس پر اعتراض کرنے کا مجھے حق بھی ہے یا نہیں اور بزرگوں کے ادب اور نظام کے احترام کی روح مٹ جاتی ہے۔

بیکاری کا انسداد کس طرح ہو سکتا ہے؟

یہ جملہ نقصانات بہت بھاری نقصانات ہیں مگر افسوس ہے کہ لوگ بالعموم ان کی طرف سے بالکل غافل رہتے ہیں اور اپنے عزیزوں کی بے کاری کو صرف اس ترازو سے تولتے ہیں کہ بیکار رہنے سے روپے کا نقصان ہو رہا ہے حالانکہ گو مالی نقصان بھی بیشک قابل توجہ ہے مگر اس مالی نقصان کو ان عظیم الشان نقصانات سے کچھ بھی نسبت نہیں جو اخلاقی اور دینی لحاظ سے بیکاری کے نتیجہ میں پیدا ہوتے ہیں۔ اگر ہمارے دوستوں میں ان نقصانات کا احساس پیدا ہو جائے تو پھر کم از کم جہاں تک بیکاری کے اخلاقی اور دینی پہلو کا تعلق ہے بیکاری کے مرض کو ایک دن میں نابود کیا جا سکتا ہے کیونکہ اس کیلئے کسی نوکری یا نفع مند کام کے تلاش کی ضرورت نہیں بلکہ صرف اس بات کی ضرورت ہے کہ بیکار لوگ اپنی بے کاری کو چھوڑ کر کسی ذاتی یا خاندانی یا قومی یا دینی کام میں لگ جائیں، خواہ وہ آنریری ہی ہو اور خواہ اس کے بدلے ایک پیسہ بھی حاصل نہ ہو۔ اس طرح اقتصادی لحاظ سے وہ اپنا کوئی نقصان نہیں کریں گے کیونکہ وہ پہلے بھی نہیں کماتے تھے اور اب بھی نہیں کمائیں گے۔ مگر اخلاقی اور دینی لحاظ سے وہ اپنے آپ کو خطرناک نتائج سے محفوظ کر لیں گے اور ان کی آنریری خدمات سے ان کے خاندان یا قوم یا ملک یا دین کو جو فائدہ پہنچے گا وہ مزید برآں ہوگا۔

مثلاً ایک شخص زید نامی بے کار ہے۔ اب قطع نظر اس کے کہ اس کی یہ بیکاری کسی مجبوری کا نتیجہ ہے یا کہ خود پیدا کردہ ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اس کا وقت اسے کوئی مالی بدلہ نہیں دے رہا۔ اس حالت میں اگر وہ کسی خاندان یا قومی یا دینی کام کیلئے اپنی خدمات آنریری طور پیش کر دے تو ظاہر ہے کہ اقتصادی لحاظ سے وہ کوئی نقصان نہیں اٹھاتا بلکہ جہاں ہے وہیں رہتا ہے مگر اخلاقی اور دینی لحاظ سے وہ نہ صرف بہت خطرناک نقصانات سے بچ جاتا ہے بلکہ عظیم الشان فوائد بھی حاصل کرتا ہے اور اس خدائی منشاء کو بھی پورا کرنے والا بنتا ہے کہ جو آیت رزقنا ھم ینفقون میں بیان ہوا ہے یعنی یہ کہ سچے مومن وہ ہیں جو ہر اس چیز میں سے جو ہم نے ان کو دی ہے خواہ وہ مال ہے یا وقت ہے یا جسمانی طاقتیں ہیں۔ یا آل واولاد ہے خدا کے رستے میں خرچ کرتے ہیں۔ بہرحال تربیتی نقطہ نگاہ سے بیکاری کا علاج مشکل نہیں ہے کیونکہ اس کیلئے صرف اس احساس کی ضرورت ہے کہ جو وقت بیکاری کی حالت میں فضول طور پر ضائع ہو جاتا ہے اسے کسی مفید کام میں خرچ کرنا چاہیے اگر یہ کام آمد کا بھی ذریعہ ہو تو فبہا لیکن اگر ایسا کام میسر نہ آئے تو پھر آنریری طور پر ہی کسی مفید کام کو اختیار کر لیا جائے تا کہ بہرحال وقت ضائع نہ ہو اور عادتیں بھی خراب ہونے سے محفوظ رہیں۔

بیکاری کی اقسام

جہاں تک میں نے غور کیا ہے بیکاری کی مندرجہ ذیل اقسام ہیں

(1) بیکاری بوجہ اس کے کہ کسی حقیقی معذوری مثلاً بیماری یا جسمانی کمزوری کی وجہ سے کوئی شخص کام نہ کر سکتا ہو۔

(2) بیکاری بوجہ اس کے کہ حقیقتہً کوئی کام نہ ملتا ہو۔

(3) بیکاری بوجہ اس کے کہ کام تو مل سکتا ہوگا مگر انسان اسے اپنی شان کے مطابق نہ خیال کرے۔

(4) بیکاری بوجہ اس کے کہ جائیداد وغیرہ کی کافی آمد موجود ہونے کے باعث انسان کام کی ضرورت نہ سمجھے۔

مجبور کی بیکاری

یہ وہ چار قسم کی بے کاری ہے جو عموماً دنیا میں پائی جاتی ہے اور میں اس جگہ ان جملہ اقسام بیکاری کے متعلق مختصر طور پر اپنے خیالات کا اظہار کرتا ہوں۔

سب سے پہلی صورت یہ ہے کہ کسی بیماری یا جسمانی معذوری کی وجہ سے انسان کام نہ کر سکتا ہو۔ اس کے متعلق مجھے صرف یہ کہنا ہے کہ اگر معذوری ایسی ہو کہ انسان واقعی کام نہ کر سکتا ہو۔ مثلاً کوئی شخص کسی موذی مرض میں بالکل ہی صاحب فراش ہو جائے یا کوئی ایسا جسمانی نقص ہو کہ کام کی اہلیت ہی جاتی رہے۔ تو پھر تو مجبوری ہے۔ مگر حق یہ ہے کہ اگر اکثر لوگ اپنی معذوری کو محض ایک بہانہ بنا لیتے ہیں اور کام کی اہلیت رکھنے کے باوجود بیکاری میں وقت گزارتے ہیں۔ مثلاً نابینا ہونا عام طور پر معذوری خیال کیا جاتا ہے اور ایک رنگ میں وہ معذوری ہے بھی۔ لیکن غور کیا جائے تو ایک نابینا شخص کئی قسم کے کام کر سکتا ہے۔ مثلاً اگر خدا اسے توفیق دے تو وہ قرآن شریف حفظ کر کے اور کچھ علم دینیات سیکھ کر امام الصلوٰۃ یا کسی مکتب وغیرہ کا معلم بن سکتا ہے اور بیت الذکر میں درس وتدریس کا سلسلہ بھی قائم کر سکتا ہے۔ اسی طرح اگر ایک شخص پاؤں سے معذور ہے تو وہ ایسے کام جن سے صرف دماغ کا واسطہ پڑتا ہے یا جو صرف ہاتھ کی مدد سے کئے جا سکتے ہیں کر سکتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ پس محض کسی بیماری یا جسمانی معذوری کا پایا جانا بیکاری کے جواز کی معقول وجہ نہیں ہے، جب تک کہ ایسی معذوری انسان کو ہر جہت سے واقعی معذور نہ کر دے اور جو شخص محض کسی جسمانی معذوری کا بہانہ لے کر بیکار بیٹھتا ہے وہ بھی اخلاقی لحاظ سے مجرم ہے اور اپنے وقت کو ضائع کرتا ہے۔ سوائے اس کے کہ وہ حقیقتہً بے دست وپا ہو۔

کوئی کام نہ ملنے کی وجہ سے بیکاری

بیکاری کی دوسری قسم یہ ہے کہ کسی شخص کو حقیقتہً کام نہ ملتا ہو۔ یعنی وہ ہر قسم کے کام کیلئے تیار ہو مگر کوئی کام نہ ملے میں عقلاً اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ بعض حالات میں اس قسم کی صورت پیش آسکتی ہے لیکن یہ صورت بہت ہی شاذ طور پر صرف استثنائی حالات میں پیش آتی ہے۔ ورنہ اگر انسان ہر قسم کے جائز کام کیلئے تیار ہو اور اسے کسی کام سے عار نہ ہو تو بالعموم کام مل جاتا ہے۔ اگر نوکری نہیں تو تجارت ہی سہی تجارت نہیں تو مزدوری ہی سہی۔ زیادہ معاوضہ والا کام نہیں تو کم معاوضہ والا کام ہی سہی۔ بہرحال اگر انسان ناواجب شرطیں نہ لگائے اور ہر قسم کے دیانت داری کیلئے تیار ہو۔ تو دنیا میں اب بھی کام کی قلت نہیں ہے۔ مجھے یاد ہے حضرت خلیفۃ المسیح اول فرمایا کرتے تھے کہ میں ایک دفعہ بیکار تھا تو میں نے دو روپے ماہوار کی نوکری قبول کر لی تھی۔ اگر حضرت خلیفہ اول جیسی بلند مرتبہ

ہستی دو روپے کی نوکری قبول کرسکتی ہے تو اور کون ہے جو اسے اپنی شان کے خلاف سمجھ سکتا ہے مگر میں کہتا ہوں کہ اگر بالفرض واقعی کسی قسم کا کام نہیں ملتا تو پھر آنریری کام ہی سہی اس کا دروازہ تو ہر وقت کھلا ہے اور ہم بتا چکے ہیں کہ تربیتی لحاظ سے وہ بیکاری کے انسداد کی بالکل صحیح تدبیر ہے۔

شایانِ شان کام نہ ملنے سے بیکاری

تیسری قسم بے کاری کی یہ ہے کہ کام تو ملتا ہے مگر انسان اسے اپنی پوزیشن کے خلاف سمجھ کر اختیار نہیں کرتا اور بیکاری میں وقت گزارتا ہے یہ گروہ سب سے زیادہ زیرِ ملامت ہے کیونکہ اول تو وہ تکبر اور خود بینی کی مرض میں مبتلا ہے اور اپنے مونہہ میاں مٹھو بن کر خود ہی بڑھ چڑھ کر اپنی قیمت لگا لیتا ہے۔ دوسرے وہ بیوقوف بھی ہے کہ اپنی فرضی شان اور نام نہاد پوزیشن کو بچانے کیلئے بدترین قسم کی اخلاقی اور دینی بیماریوں میں مبتلا ہونا پسند کرتا ہے۔ ایسے لوگوں کو جس قدر جلد بیدار کیا جاسکے کرنا چاہیے اور صاف بتا دینا چاہئے کہ تمہاری موجودہ قیمت وہی ہے جو بازار میں ملتی ہے نہ کہ وہ جو تم سمجھتے ہو۔ حدیث میں آتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ جو آنحضرت ﷺ کے بعد چوتھے خلیفہ ہوئے اور آپ ﷺ کے داماد بھی تھے۔ بسا اوقات جنگل سے گھاس کاٹ کر لاتے اور اسے بازار میں بیچ کر اپنا گزارہ کرتے تھے اور دوسرے عالی قدر صحابہ بلکہ خود آنحضرت ﷺ بھی ہر قسم کا کام اپنے ہاتھ سے کرتے اور کسی کام کو اپنی شان کے خلاف نہیں سمجھتے تھے بلکہ ایک موقع پر تو آنحضرت ﷺ نے مزدوروں کی طرح پتھر اور مٹی کو اپنے کندھوں پر اٹھا کر ادھر ادھر پہنچایا اور آپ ﷺ کا جسم مبارک مٹی اور گرد و غبار سے ڈھک گیا اور ایک زمانہ میں آپ ﷺ نے بکریاں بھی چرائیں۔

حضرت مسیح موعود بھی ہر قسم کا کام کر لیتے تھے اور بسا اوقات خود اپنے ہاتھ میں پانی کا لوٹا لے کر نالیاں وغیرہ صاف کرواتے تھے۔ اور جوانی کے زمانہ میں آپ سیالکوٹ میں صرف چند روپے تنخواہ پر ملازم بھی رہے تھے اور آپ اکثر فرمایا کرتے تھے۔ میں ایک پیسہ کے چنوں پر گزارہ کرسکتا ہوں۔

جھوٹے اور متکبرانہ عذرات

اگر یہ عظیم الشان ہستیاں جن سے ہم نے ساری عزتیں حاصل کی ہیں، کسی کام کو اپنی شان کے خلاف نہیں سمجھتی تھیں تو ہم کون ہیں کہ اپنی فرضی شان اور نام نہاد پوزیشن کو جائز اور دیانت داری کے کاموں سے بالا قرار دیں۔ پس یہ سب جھوٹے اور متکبرانہ عذرات ہیں جن سے ایک کام سے دل چرانے والا انسان اپنے قیمتی اوقات کو ضائع کرنے کا بہانہ ڈھونڈھتا ہے اور ہمارے دوستوں کو ان باتوں سے کلی طور پر بچنا چاہئے۔

خوب یاد رکھو کہ ہر وہ کام جس میں کسی قسم کی بددیانتی یا دنایت کا دخل نہیں اور وہ شریعت کے خلاف نہیں، وہ ایک جائز اور معزز کام ہے اور اسے ذلیل سمجھنا خود اپنی ذلت کا ثبوت دینا ہے اور کسی قوم کے تنزل کا اس سے بڑھ کر کوئی سبب نہیں ہوسکتا کہ وہ جائز اور دیانت داری کے کاموں کو اپنے لئے موجب ذلت سمجھے اور اس خیال کی وجہ سے اس کے نوجوان اپنی زندگیوں کو بیکاری میں ضائع کردیں مگر میں کہتا ہوں کہ اگر ہم میں سے ایک طبقہ ابھی تک اپنے اندر سے اس قسم کے تکبر اور خود بینی کے جذبات کا استیصال نہیں کرسکا تو وہ آئے اور آنریری طور پر ہی اپنی خدمات پیش کردے اور وقت کو ضائع کرنے کی بجائے اسے جماعت کی خدمت میں صرف کرے لیکن اگر وہ ایسا بھی نہیں کرتا تو وہ یقیناً جماعت کا خائن ہے اور ہرگز اس قابل نہیں کہ ایک پاک جماعت کا حصہ بن کر رہے۔

آسودہ حالی کی وجہ سے بیکاری

چوتھی قسم بیکاری کی یہ ہے کہ انسان کو کام بھی مل سکتا ہو اور بزعم خود اپنی شان کے مطابق بھی مل سکتا ہو مگر اس خیال سے کہ میری جائیداد کی آمد کافی ہے وہ اپنے قیمتی وقت کو بے کاری میں ضائع کرتا رہے۔ یہ مرض آج کل ہندوستانی روؤسا میں بہت عام ہے اور اخلاقی لحاظ سے ویسا ہی خطرناک ہے جیسا کہ دوسری قسم کی بیکاریاں اور یہ مرض اس گندی ذہنیت کا نتیجہ ہے کہ کام کو صرف حصول مال کا ذریعہ سمجھا گیا ہے اور اس کے سوا اس کی کوئی اور قیمت نہیں پہچانی گئی حالانکہ کام کی قیمتوں میں سے حصول مال ایک بہت ہی ادنیٰ درجہ کی قیمت ہے اور اس کی اعلیٰ قیمت اس کے دوسرے پہلوؤں سے تعلق رکھتی ہے۔

پس کوئی وجہ نہیں اگر کسی شخص پر خدا تعالیٰ کا اس رنگ میں فضل ہے کہ اسے اپنے کھانے کے لئے پسینہ نہیں بہانا پڑتا تو وہ اس خدائی فضل کا یہ بدلہ دے کر اپنی خداداد طاقتوں اور وقت کے قیمتی خزانہ کو بے سود ضائع کردے۔ اس پر تو دوسروں کی نسبت بھی زیادہ فرض ہے کہ وہ اپنے وقت کو مفید صورت میں گزارے اور اپنے عمل سے ثابت کردے کہ وہ خدا تعالیٰ کا ایک شکر گزار بندہ ہے اور اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو یقیناً وہ دوہرے الزام کے نیچے آتا ہے کہ خدا نے اسے فارغ البالی عطا کرکے قومی اور دینی خدمت کا موقع عنایت کیا مگر اس نے اس موقع کو ضائع کردیا اور اگر اقتصادی لحاظ سے دیکھیں تو پھر بھی ایسے لوگوں کیلئے کام کرنا بہتر ہے کیونکہ مثلاً اگر ایک شخص کو جائیداد سے پانچ سو روپے ماہوار کی آمد ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ ملازمت یا کاروبار میں اپنا وقت لگا کر اس آمد میں اضافہ نہ کرے۔ یہ اضافہ اسے بہت سے دینی اور دنیوی کاموں میں مفید ہوسکتا ہے مگر بدقسمتی سے جہاں بھی کسی شخص کو بغیر کام کے چار پیسے ملنے لگ جائیں وہ اپنے آپ کو کام سے بے نیاز سمجھنے لگ جاتا ہے اور اس طرح منعم علیہ جماعت میں ہوکر مغضوب علیھم کے گروہ کا راستہ لے لیتا ہے اور خیر الدنیا والاخرۃ کا موجب بنتا ہے۔ بے شک اگر کسی شخص کی جائیداد کا انتظام اس قدر وسیع ہے کہ وہ اس کے سارے وقت کو چاہتا ہے تو اسے اس انتظام میں اپنا وقت صرف کرکے مالی رنگ میں دین کی خدمت کرنی چاہیے لیکن اگر جائیداد کا انتظام پورا وقت نہیں چاہتا تو کوئی وجہ نہیں کہ ایسا شخص اپنا سارا وقت یا اپنا زائد وقت جیسی بھی صورت ہو قوم اور دین کی خدمت میں خرچ نہ کرے اور اپنی خداداد طاقتوں کو بیکاری جیسی لعنت میں ضائع کردے۔

نقصان ہی نقصان

خلاصہ کلام یہ کہ بیکاری کی جملہ اقسام میں وقت اور خداداد طاقت اور اخلاق اور دین کا نقصان پایا جاتا ہے کسی میں کم اور کسی میں زیادہ اور بعض اقسام میں تو سراسر نقصان ہی نقصان ہے۔ پس ہمارے دوستوں کو چاہیے کہ وہ بیکاری جیسی موذی مرض سے خود بھی بچیں اور اپنے عزیزوں اور دوستوں کو بھی بچانے کی کوشش کریں اور اگر انہیں کسی وجہ سے کسی وقت بیکاری کا اقتصادی حل نظر نہ آئے تو اس کی وجہ سے گھبرائیں نہیں بلکہ انسداد بیکاری کے اخلاقی پہلو کو مدنظر رکھتے ہوئے تربیتی تدابیر اختیار کرلیں۔ اس طرح انشاء اللہ تعالیٰ ان کے دین اور دنیا ہر دو کو عظیم الشان فائدہ پہنچے گا اور وہ جماعت کا ایک نہایت مفید اور بابرکت حصہ بن جائیں گے۔ انسداد بے کاری کے اخلاقی پہلو میں مندرجہ ذیل امور خصوصیت سے یاد رکھے جائیں۔

کیا کرنا چاہیے؟

(1) کوئی کام جو شریعت کے خلاف نہیں اور اس میں کوئی پہلو دنائیت کا پایا نہیں جاتا وہ ایک معزز کام ہے جسے ہر معزز سے معزز شخص اختیار کرسکتا ہے۔ پس یہ خیال کرنا کہ فلاں کام ہماری شان کے خلاف ہے بالکل درست نہیں۔

(2) بے شک ہر شخص کے وقت کی قیمت میں فرق ہوتا ہے لیکن صرف اس بنا پر بیکاری جیسی لعنت کو خریدنا کہ ہمیں اپنے وقت کی پوری قیمت نہیں ملتی سخت غلطی ہے بلکہ بیکاری کے نقصانات سے بچنے کیلئے جو قیمت بھی ملے اسے قبول کرلینا چاہیے اور مزید کیلئے کوشش کرنی چاہیے۔

(3) اگر کوئی کام بھی نہ ملے تو پھر آنریری طور پر ہی اپنی خدمات کو پیش کردینا چاہیے تاکہ وہ وقت اور طاقت ضائع نہ جائیں اور خدمت کا ثواب حاصل ہو۔ بعد میں جب کام مل جائے تو آنریری خدمت سے سبکدوشی حاصل کی جاسکتی ہے۔

(4) جو لوگ باوجود بیماری یا معذوری کے کوئی کام کرسکیں انہیں بیماری یا معذوری کے بہانہ سے بیکار نہیں بیٹھنا چاہیے بلکہ جس کام کے بھی وہ قابل ہوں اسے اختیار کرلینا چاہیے۔

(5) جن لوگوں کو جائیداد کی آمد ہو اور وہ اس آمد کو اپنے گزارہ کیلئے کافی خیال کرتے ہوں انہیں بھی بیکار نہیں رہنا چاہیے بلکہ یا تو وہ اپنی خدمات کو آنریری صورت میں پیش کردیں اور یا کوئی معاوضہ والا کام کرکے اپنے لئے مزید آمد پیدا کریں اور اس آمد کو دینی اور دنیوی ضروریات میں خرچ کریں۔

میں امید کرتا ہوں کہ ہمارے دوست ان باتوں کو مدنظر رکھ کر نہ صرف بیکاری کے نقصانات سے بچنے کی کوشش کریں گے بلکہ اپنے وقت اور اپنی طاقتوں کو مفید کاموں میں لگا کر اپنے لئے اور اپنے خاندان کیلئے اور جماعت کیلئے ترقی کا راستہ کھولنے میں ممد ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کے ساتھ ہو اور اپنی رضا کے رستوں پر چلنے کی توفیق عطا کرے۔ آمین

(مطبوعہ الفضل 7 مئی 1938ء)

(مرسلہ: نظارت صنعت وتجارت)

چشمہ عرفاں

مکتبوں میں سب سے بڑھ کر جامعہ کی شان ہے
باغِ احمد کے چمن کی اس کے دَم سے آن ہے

آج اِس مکتب کی ہے صد سالہ پہلی جوبلی
شکر ہے یزداں کا ہم پرُ اس کا ہی احسان ہے

علم کا مرکز ہے یہ ایسا، نہیں جس کی مثال
مہدیٔ دوراں کی یہ بھی امتیازی شان ہے

لذتِ دُنیا کو چھوڑا جس نے دیں کے واسطے
اس کی خاطر زیست کا ہر مرحلہ آسان ہے

چشمۂ عرفاں ہے جاری بھر کے پی لو جام سب
اب حیاتِ جاوداں کا اک یہی سامان ہے

دینِ حق کی کامیابی کا ہے اس پر انحصار
روحِ ایمانی کی قائم اس سے ہی پہچان ہے

دینِ حق کی روشنی کو جو بھی پانے آئے یاں
فضلِ ربِی سے ملے اس کو نیا ایمان ہے

جامعہ کا علم پا کر جس کو ملتا ہے فَراغ
علم کے پیاسوں کو بخشے وہ نیا عرفان ہے

اعظم نوید مختلف

مکرم مظفر احمد صاحب

بعض درختوں کا تعارف اور فوائد

درختوں کی طبعی عمر مختلف ہوتی ہے۔ بعض درختوں کی عمر 4 تا 5 سال ہوتی ہے جیسا کہ سرس کا درخت، بعض کی 20 تا 25 سال جیسا کی نیم اور شیشم وغیرہ کا درخت اور بعض کی طبعی عمر 200 سال تک ہوتی ہے جیسا کہ ساگوان کا درخت، جب کوئی درخت اپنی طبعی عمر کو پہنچتا ہے تو اس کی نشوونما کی رفتار سست ہو جاتی ہے۔ پتوں کا رنگ زرد پڑ جاتا ہے اور پتوں کا سائز بھی چھوٹا ہو جاتا ہے۔ درخت کو اپنی طبعی عمر کو پہنچنے پر کاٹنا چاہئے۔

☆ درست فاصلے اور شمالاً جنوباً قطاروں میں لگائے گئے درختوں کا سایہ فصل پر مسلسل نہیں پڑتا اور فصل کی پیداوار میں کمی نہیں ہوتی۔

درختوں کی کاشت کے فوائد

☆ درختوں پر رہنے والے پرندے نقصان دہ کیڑوں کو کھا جاتے ہیں اور جتنی خوراک زرعی فصل سے حاصل کرتے ہیں اس سے کہیں زیادہ بچت کروا دیتے ہیں اس طرح کیڑے مار دواؤں کا خرچ بچ جاتا ہے اور ماحول بھی دواؤں کے زہریلے اثر سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ زرعی فصل اوپر کی ڈیڑھ سے دو فٹ زمین استعمال کرتی ہے اور جو پانی اور کھاد 2 فٹ سے نیچے چلے جاتے ہیں ان کو صرف درخت استعمال کرتے ہیں کیونکہ ان کی جڑیں گہری ہوتی ہیں۔ یہ جڑیں زیر زمین فالتو کیمیائی کھاد کی تہہ بھی نہیں جمنے دیتیں۔

☆ درخت کھیت پانی، ہوا اور درجہ حرارت میں اعتدال پیدا کرتے ہیں اور زرعی فصل کی صحت پر اچھا اثر پڑتا ہے۔

☆ درختوں کے پتوں سے کھیتوں کو قدرتی کھاد میسر ہوتی ہے۔ اور پھلی دار درختوں کی جڑیں نائٹروجن کھاد کا باعث بنتی ہیں۔ قدرت کے اس شاندار نظام کا کوئی نعم البدل نہیں۔ اس کھاد سے زمین زندہ اور پیداواری رہتی ہے۔

☆ درخت کسی قسم کا بوجھ بنے بغیر کسان کے لئے نہ صرف اضافی آمدن کا ذریعہ بنتے ہیں بلکہ درختوں سے اضافی آمدن زرعی فصل کی آمدن سے کئی گنا ہو جاتی ہے اور درختوں کے لئے علیحدہ پانی، کھاد یا گوڈی کا بندوبست بھی نہیں کرنا پڑتا۔ درخت زراعت کو منافع بخش کاروبار بنا دیتے ہیں۔

☆ اپنے لگائے گئے درختوں سے گھریلو ایندھن اور عمارتی فرنیچر اور زرعی آلات کے لئے لکڑی مفت حاصل ہوتی ہے۔ بازار سے یہی اشیاء خریدیں تو بہت مہنگی ملتی ہیں۔ یہ بچت بھی اضافی آمدن ہوتی ہے۔

☆ آپ کے کھیتوں پر موجود درخت قدرت کے بنک میں جمع شدہ سرمایہ ہیں۔ جب ضرورت ہو، بیٹی کی شادی ہو، بیٹے کی تعلیم ہو، حج اور جلسے پر جانا ہو تو اپنے درخت مضبوط سہارا ثابت ہوتے ہیں۔ درختوں کے بڑھنے کا ریٹ کسی بھی بنک کے منافع کی شرح سے زیادہ ہوتا ہے۔

☆ ناکارہ اور بنجر زمینیں جہاں کوئی زرعی فصل نہیں ہو سکتی وہاں قدرت کا شاہکار درخت کامیاب ہوتا ہے اور آپ کی خوشحالی کا سبب بنتا ہے۔ نیز سیم وتھور زدہ زمینوں کے علاج کا مؤثر ذریعہ ہے۔

☆ بارانی علاقوں میں جب خشک سالی ہوتی ہے اور زرعی فصلیں ناکام ہو جاتی ہیں تو درخت متبادل چارہ اور آمدن کا ذریعہ بنتے ہیں۔ درخت مشکل وقت کے دوست ہیں۔

☆ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ شجر کاری سنتِ رسول ﷺ ہے اور حضور ﷺ کے نقشِ قدم پر چل کر دنیا اور آخرت میں منافع ہی منافع ہے۔ درخت ماں کا دوجا روپ ہیں۔ خود دھوپ جھیلتے ہیں اور چھاؤں بانٹتے ہیں۔ چند اہم درختوں کا تعارف درج ذیل ہے۔

پاپلر:

یہ پودا چھ برس میں 10 مکسر فٹ یعنی چھ سات من لکڑی دیتا ہے۔ جو گیلی حالت میں فروخت ہوتی ہے۔ یہ لکڑی کھیلوں کے سامان، ماچس، جوتوں کی ایڑیاں، پیکنگ کیس اور پلائی ووڈ بنانے کے کام آتی ہے اور یہ 100 روپے فی مکسر فٹ کے حساب سے خریدی جاتی ہے۔

سیمل:

یہ پودا 11 برسوں میں 22 مکسر فٹ یعنی نو دس من لکڑی دیتا ہے۔ جو گیلی حالت میں فروخت ہوتی ہے۔ یہ لکڑی ماچس، جوتوں کی ایڑیاں، پلائی ووڈ، چپ بورڈ، پیکنگ کے ڈبے اور دروازوں کے فریم بنانے والے تقریباً 100 تا 150 روپے فی مکسر فٹ کے حساب سے خرید لیتے ہیں۔

شیشم یعنی ٹاہلی:

یہ پودا تقریباً 20 برس میں 30 مکسر فٹ یعنی سترہ اٹھارہ من لکڑی دیتا ہے۔ یہ لکڑی پائیدار فرنیچر، زرعی آلات، مضبوط اور خوبصورت پلائی، اچھی قسم کا ایندھن عمارتی سامان، تختے، بالے چھکڑے اور بندوقوں کے بٹ بنانے کے کام آتی ہے۔ یہ لکڑی 250 روپے سے 1000 روپے فی مکسر فٹ کے حساب سے خریدی جاتی ہے۔

سفیدہ:

یہ پودا چھ برس میں چھ مکسر فٹ یعنی تین چار من لکڑی دیتا ہے۔ جو گیلی حالت میں 50 روپے فی مکسر فٹ فروخت ہوتی ہے۔ یہ لکڑی کاغذ، چپ بورڈ، ہارڈ بورڈ، سیدھی بلیاں بنانے کے کام آتی ہے۔ کان کنی والے بھی اس کی بلیاں خریدتے ہیں۔ یہ لکڑی کوئلہ اور ایندھن بنانے کے کام بھی آتی ہے۔

کیکر:

یہ پودا بیس برسوں میں 51 مکسر فٹ یعنی تیس من لکڑی دیتا ہے۔ یہ لکڑی دیہی مکانات کی تعمیر، بیل گاڑی، زرعی آلات اور سستا فرنیچر بنانے میں کام آتی ہے۔ اس کا بالن اور کوئلہ نہایت اعلیٰ ہوتا ہے۔ اس کی لکڑی تقریباً ڈیڑھ سو سے دو سو روپے فی مکسر فٹ کے حساب سے خریدی جاتی ہے۔

توت:

یہ پودا پندرہ برسوں میں دس مکسر فٹ یعنی 5 من لکڑی دیتا ہے۔ یہ گیلی حالت میں فروخت ہوتی ہے۔ یہ لکڑی کھیلوں کے سامان بالخصوص ہاکیوں، ٹینس ریکٹ اور کرکٹ کے بلے کے لئے عرصہ سے پہچانی جاتی ہے۔ نیز کشتی سازی اور فرنیچر سازی میں استعمال ہوتی ہے۔ اس کی چھڑیوں سے بہترین ٹوکریاں بنتی ہیں۔ اس کے پتے ریشم کے کیڑے کے لئے بہترین خوراک ہیں۔ یہ 150 سے 200 روپے فی مکسر فٹ کے حساب سے فروخت ہوتی ہے۔

دھریک:

دھریک کی لکڑی زردی مائل سفید اور پکی لکڑی سرخی مائل بھوری ہوتی ہے۔ لکڑی چمکدار اور ہلکی ہوتی ہے۔ یہ لکڑی پائیدار ہوتی ہے۔ اسے کاٹنا اور چیرنا آسان ہوتا ہے۔ اس پر ہاتھ یا مشین کے ذریعے سے کام آسانی سے کیا جاسکتا ہے۔ خصوصاً فرنیچر وغیرہ بناتے وقت اس پر عمدہ لکڑی کی تہہ چڑھانے کا مشینی کام خوب کیا جاسکتا ہے۔ دھریک کی لکڑی سے بنی ہوئی کسی بھی چیز پر پالش کرنے سے قبل اگر فلسنگ ٹھیک سے کی جائے تو پالش خوب چمکتی ہے۔ دھریک کی لکڑی چھوٹے پیکنگ کیس یا ڈبے وغیرہ بنانے کے کام آتی ہے۔ اس کا تنا موٹی شاخیں عارضی چھت ڈالنے میں استعمال ہوسکتی ہیں۔ فرنیچر بنانے، کیبنٹ سازی، ٹینس اور بیڈمنٹن کے ریکٹ بنانے میں بھی دھریک کی لکڑی کام آتی ہے۔ آرائشی پلائی اور دیواروں کی پیلنگ وغیرہ کے لئے بھی دھریک کی لکڑی کام آتی ہے۔

کیل:

پاکستان میں کیل بالائی مری، گلیات، کاغان، ٹھنڈیانی، آزاد کشمیر، دیر، سوات، کافرستان اور پھر اس سے آگے مغرب میں افغانستان تک پایا جاتا ہے۔ کیل کی اوسط بڑھت 120 فٹ اونچائی اور لپیٹ 8 فٹ تک پائی جاتی ہے۔

استعمال: کیل یا (نند) کی کچی لکڑی سفید اور زردی مائل اور پکی لکڑی گلابی سی ہوتی ہے اس میں سے بیروزہ کی بو آتی ہے۔ کیل کی لکڑی کے گرین سیدھے، نفیس، دھاریاں ہموار ہوتی ہیں۔ اسے چیرنا اور سکھانا آسان ہے۔ رندہ لگانے سے اس کی سطح چکنی اور نہایت صاف اور ہموار ہو جاتی ہے۔ اور اس پر پالش خوب ہوتی ہے اس کی لکڑی عمارتی کاموں اور فرنیچر سازی میں استعمال ہوتی ہے۔

چیڑ:

اُردو میں اسے چیڑھ یا چیڑ، ہندی میں چیل کہتے ہیں۔ چیڑ کی اوسط اونچائی 95 فٹ اور 8 فٹ لپیٹ تک پائی جاتی ہے۔ چیڑ کا طبعی مسکن ہمالیہ، ضلع ہزارہ، ڈونگا گلی، ٹھنڈیانی میں ہے۔ یہ درخت ضلع راولپنڈی میں مری اور کہوٹہ کی پہاڑیوں میں 200 میٹر سے لے کر 600 میٹر تک کی بلندی پر پائے جاتے ہیں۔

استعمال: چیڑ عمدہ اور مضبوط لکڑی فراہم کرتا ہے۔ کچی لکڑی کریم کلر کی سفید جبکہ پکی لکڑی ابتدا میں ہلکی سرخ ہوتی ہے جو چیر کر رکھنے پر سرخی مائل بھوری ہو جاتی ہے۔ اس کے گرین ناہموار ہوتے ہیں۔ تازہ کٹی ہوئی لکڑی سے بیروزہ نکلتا ہے۔ یہ لکڑی عمارتی کام، چھتوں، ریلوے کے سلیپر، ٹیلی فون کے کھمبے، عمدہ فرنیچر، پیکنگ کے ڈبے، چارپائیاں، ڈرائنگ بورڈ بنانے کے کام آتی ہے۔

دیودار (دیار):

دیودار بنیادی طور پر ٹمبر پیدا کرنے والا درخت ہے۔ اس کی لکڑی عمارت سازی، فرنیچر اور دیگر درون و بیرون خانہ استعمال کے لئے نہایت کارآمد ہے۔ اسے نہ تو دیمک لگتی ہے اور نہ ہی یہ ریزہ گیر ہوتی ہے۔ اس سے بنی ہوئی اشیاء طویل مدت تک زیر استعمال رہتی ہیں۔ اس کی لکڑی سے مغلیہ دور کی بنی ہوئی اشیاء، فرنیچر اور دروازے وغیرہ آج بھی صحیح سالم موجود ہیں۔ دیار کو خوبصورت درختوں کا شہنشاہ کہا جائے تو نامناسب نہیں ہوگا۔ دیودار مغربی ہمالیہ میں گڑوال سے لے کر افغانستان تک 2000 فٹ سے لے کر 8500 فٹ تک کی بلندی پر پایا جاتا ہے۔ دیودار کے درخت کی بڑھت 150 فٹ سے لے کر 200 فٹ تک اونچائی اور لپیٹ 15 فٹ سے لے کر 20 فٹ تک ہوتی ہے۔

ریوار کی لکڑی یعنی پرتل:

یہ لکڑی چیرنے پر سفید مگر بعد میں ہلکی بھوری ہو جاتی ہے۔ کچی اور پکی لکڑی میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ لکڑی ہلکی سبز سیدھی اور ہموار اور اس کی بافت درمیانہ درجہ کی ہوتی ہے۔ یہ پائیدار نہیں ہوتی اسے چیرنا، سکھانا آسان ہے۔ اس سے پیکنگ کے ڈبے، فرشوں کے تختے، چھت، دروازے، کھڑکیاں، شہتیر، پلائی ووڈ، ماچس کی تیلیاں اور بکس، چارپائیوں کے بازو اور کاغذ کے لئے پلپ بنایا جاسکتا ہے۔ ریوار یعنی پرتل کا طبعی مسکن مغربی ہمالیہ میں 2200 فٹ سے لے کر 3300 فٹ تک کی بلندی میں پایا جاتا ہے۔ پاکستان میں ہزارہ کی گلیات میں ریوار چوڑے پتوں والی دیگر اقسام کے ساتھ ملتا ہے۔ ریوار بڑے قد آور درخت ہوتے ہیں۔

عمارتی لکڑی کی چرائی

درخت کو زمین پر گرانے کے بعد اس کی شاخیں

کاٹ دی جاتی ہیں۔ شاخیں کاٹتے ہوئے اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ شاخوں اور تنے کی لکڑی ضائع نہ ہونے پائے۔ درخت کو گرانے کے فوراً بعد چرائی شروع کر دینی چاہئے۔ ورنہ تنے کے بیرونی حصوں سے نمی خارج ہو جائے گی اور وہاں سکڑاؤ (Shrinkage) کی وجہ سے دراڑیں آ جائیں گی اور لکڑی ضائع ہو گی۔ چرائی کے بعد لکڑی جلدی اور یکساں خشک ہوتی ہے۔ چرائی سے پہلے درخت کے تنے اور شاخوں کو ضرورت کے مطابق لمبائی میں کاٹ لیا جاتا ہے۔ اور اس کی چھال اتار دی جاتی ہے۔

چرائی کے طریقے

لکڑی کی چرائی کو "Conversion of Timber" کہا جاتا ہے۔ جس کے مندرجہ ذیل مختلف طریقے ہیں۔ ان میں سے کسی ایک طریقے کے مطابق چرائی کر لی جاتی ہے۔

i۔ چرائی کا سادہ طریقہ (بچت کے لحاظ سے کٹائی)

ii۔ چرائی کا چوتھائی طریقہ (خوبصورتی کے لحاظ سے کٹائی)

iii۔ چرائی کا مماسی طریقہ (ریشو کے لحاظ سے کٹائی)

iv۔ چرائی کا شعاعی طریقہ (شعاعوں کے لحاظ سے کٹائی)

کچی لکڑی:

چیر (Chir)، کیل (Kail)، دیودار (Deodar) اور اخروٹ (Walnut) وغیرہ کے درختوں سے حاصل ہونے والی لکڑی کو کچی لکڑی (Soft Wood) کہا جاتا ہے۔ اس قسم کی لکڑی کی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

یہ لکڑی وزن میں ہلکی ہوتی ہے۔ اس لکڑی کا رنگ ہلکا ہوتا ہے۔ اس لکڑی میں سالانہ چھلے (Annual Rings) بہت نمایاں ہوتے ہیں۔ یہ لکڑی نرم ہوتی ہے۔ اس لکڑی کے ریشے سیدھے ہوتے ہیں۔ یہ لکڑی نسبتاً کمزور ہوتی ہے اور اس پر کام کرنا آسان ہوتا ہے۔ اس لکڑی میں گوند اور تیل موجود ہوتا ہے۔ یہ لکڑی لمبائی کے رخ کافی مضبوط ہوتی ہے۔ جب کہ پہلو کے رخ کمزور ہوتی ہے۔ اس لکڑی والے درختوں کے تنے لمبے اور موٹے ہوتے ہیں۔ یہ درخت زیادہ اونچائی والے پہاڑوں پر پائے جاتے ہیں۔

پکی لکڑی:

شیشم، کیکر، ساگوان (Teak) اور بابول وغیرہ سے پکی لکڑی حاصل ہوتی ہے۔ پکی لکڑی کی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

یہ لکڑی وزن میں بھاری ہوتی ہے۔ اس لکڑی کا رنگ گہرا ہوتا ہے۔ اس لکڑی میں سالانہ چھلے زیادہ نمایاں نہیں ہوتے۔ یہ لکڑی سخت ہوتی ہے اور اس پر کام کرنا مشکل ہوتا ہے۔ اس کے ریشے قریب ہوتے ہیں اور مضبوط ہوتے ہیں۔ اس لکڑی میں تیل اور گوند شامل نہیں ہوتا۔ یہ لمبائی اور پہلو میں یکساں مضبوط ہوتی ہے۔ اس لکڑی میں تیزابیت ہوتی ہے۔ اس لکڑی کے تنے چھوٹے اور کم موٹے ہوتے ہیں۔ اس لکڑی والے درخت میدانوں اور کم اونچائی والی جگہوں پر پائے جاتے ہیں۔

عمارتی لکڑی کی سیزننگ

درخت کو جب کاٹا جاتا ہے تو اس وقت اس میں کافی مقدار میں نمی ہوتی ہے۔ لکڑی میں نمی سیپ کی شکل میں ہوتی ہے۔ اگر مناسب طریقے سے اس نمی کو لکڑی سے خارج نہ کیا جائے تو لکڑی کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہوتا ہے۔ اس نمی کو لکڑی سے نکالنے کے عمل کو ''لکڑی کو خشک کرنا یا لکڑی کی سیزننگ کرنا'' کہا جاتا ہے۔ اس کے مندرجہ ذیل مقاصد ہوتے ہیں۔

سیزننگ کے بعد لکڑی مضبوط اور پائیدار بن جاتی ہے۔ سیزننگ سے لکڑی میں سکڑاؤ کا عمل ختم ہو جاتا ہے۔ سیزننگ سے لکڑی کو محفوظ کرنا زیادہ موثر ہو جاتا ہے۔ سیزننگ کی ہوئی لکڑی پر پینٹ اور پالش بہتر طریقے سے کی جاسکتی ہے۔ سیزننگ کے بعد لکڑی پر دیمک اور دیگر کیڑے مکوڑوں کے حملے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔ سیزننگ سے لکڑی میں بجلی کے خلاف مزاحمت بڑھ جاتی ہے۔ سیزن شدہ لکڑی کی سطح خوبصورت بن جاتی ہے۔

سیزننگ کے طریقے

لکڑی کی سیزننگ کرنے کے لئے مختلف طریقے اختیار کئے جاتے ہیں۔ لیکن بنیادی طور پر ان طریقوں کو تین گروہوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ قدرتی سیزننگ، مصنوعی سیزننگ، جدید سیزننگ۔

لکڑی کی ساخت

پھیلنے والے درخت کے تنے کا تراشہ دیکھنے سے مندرجہ ذیل مختلف حصے نظر آتے ہیں۔

گودا:

یہ تنے کا مرکز ہوتا ہے۔ پودے کے بچپن میں یہ حصہ کافی نرم ہوتا ہے۔ یہ خلیہ دار سیدھے ریشوں کا بنا ہوتا ہے۔ پودے کے مختلف حصوں کو خوراک اسی حصہ سے جاتی ہے۔ جب درخت پرانا ہو جاتا ہے تو یہ سخت ہو جاتا ہے اور اس کے ریشے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتے ہیں۔

مرکزی پختہ لکڑی:

جب پودا بڑا ہو جاتا ہے تو گودے کے اردگرد کی لکڑی سخت ہو جاتی ہے۔ جس کا رنگ باہر کی لکڑی سے گہرا ہوتا ہے اس حصے کو مرکزی پختہ لکڑی کہا جاتا ہے۔ یہ لکڑی زیادہ ٹھوس اور مضبوط ہوتی ہے۔ اس حصے کی لکڑی کو بہتر تصور کیا جاتا ہے۔ درخت جتنا پرانا ہوتا جائے گا مرکزی پختہ لکڑی کی مقدار بڑھتی جائے گی۔

بیرونی کچی لکڑی:

مرکزی پختہ لکڑی سے باہر کی طرف چھال تک جو لکڑی ہوتی ہے، اسے بیرونی کچی لکڑی کہا جاتا ہے۔

اس کا رنگ ہلکا ہوتا ہے۔ اس کی مضبوطی بھی کم ہوتی ہے۔ یہ حصہ جڑوں سے خوراک حاصل کر کے درخت کی شاخوں تک پہنچاتا ہے۔

سالانہ چھلے:

درخت کے تنے کے تراشہ میں بہت سارے ہم مرکز چھلے نظر آتے ہیں۔ چھلوں کی تعداد درخت کی عمر کو ظاہر کرتی ہے۔ کیونکہ درخت میں ہر سال ایک چھلا بنتا ہے۔ کچی لکڑی میں یہ چھلے زیادہ نمایاں ہوتے ہیں جب کہ پکی لکڑی میں زیادہ واضح نہیں ہوتے۔

افقی نسیں:

یہ باریک دھاگہ نما نسیں ہوتی ہیں جو کہ گودے اور چھال کو ملاتی ہیں۔ یہ نسیں سالانہ چھلوں کو مضبوطی سے ملائے رکھتی ہیں۔ درخت کے اندرونی حصوں کی پرورش کے لئے یہ نسیں بیرونی حصے سے خوراک لے کر مرکزی حصے تک پہنچاتی ہے۔ بعض درختوں میں یہ زیادہ واضح ہوتی ہیں اور بعض میں زیادہ واضح نہیں ہوتیں۔

جھلی:

کچی لکڑی اور چھال کے درمیان ایک باریک اور شفاف پردہ ہوتا ہے، جس کو جھلی کہا جاتا ہے۔ دراصل لکڑی اسی جھلی سے بنتی ہے۔ پہلے یہ جھلی کچی لکڑی میں تبدیل ہوتی ہے۔ اس کے بعد کچی لکڑی پکی لکڑی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ اگر درخت کی چھال اتار کر اس جھلی کو ننگا کر دیا جائے تو درخت کے نئے خلیے بننا بند ہو جاتے ہیں جس سے درخت کی نشو و نما رک جاتی ہے۔

چھال:

یہ درخت کے تمام باقی حصوں کے گرد لپٹی ہوئی حفاظتی تہہ ہوتی ہے جو کہ خاصی موٹی اور مضبوط ہوتی ہے۔ کچھ عرصہ بعد درخت کی یہ چھال اُتر جاتی ہے جس کی جگہ نئی چھال آ جاتی ہے۔ درختوں کی بعض اقسام میں ہر سال نئی چھال آتی ہے اور بعض درختوں پر چھال 4-5 سال بعد نئی آتی ہے۔

ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

بچوں کے کھلونوں کا انتخاب

چھوٹے بچوں کی اپنی ضروریات ہوتی ہیں۔ جنہیں پورا کرنا والدین کی اولین ذمہ داری ہے۔ کھلونے چھوٹے بچوں کی نشو و نما میں بڑی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ اس لئے والدین اور خاص طور پر ماؤں کو کھلونوں کے انتخاب میں بڑی احتیاط سے کام لینا چاہئے۔ کوئی کھلونا نوکیلا نہیں ہونا چاہئے۔ کیونکہ اس سے بچے کے زخمی ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ چھوٹے بچوں کے لئے نرم کھلونے (سوفٹ ٹوائز) زیادہ بہتر رہتے ہیں۔ خاص طور پر اگر بچہ کسی وجہ سے اپنی عمر سے کم سمجھ رکھتا ہے یا اس میں کوئی خامی رہ گئی ہے تو سوفٹ ٹوائز ان کے لئے زیادہ مفید ہیں۔ یوں تو آپ کو کھلونوں میں پستول، چاقو اور گن وغیرہ بھی ہر جگہ پر نظر آتی ہے۔ لیکن معاشرے میں تشدد کی روک تھام کے لئے اس قسم کے کھلونوں سے پرہیز ضروری ہے۔

جسمانی نشو و نما کے ساتھ ساتھ ذہنی نشو و نما بھی ضروری ہے۔ اس لئے ایسے کھلونے یا ایسی چیزیں خریدنی چاہئیں۔ جن سے بچہ ہاتھ پاؤں بھی چلائے۔ کیونکہ اس کا زیادہ وقت گھر پر ہی گزرتا ہے۔ اس لئے اگر بچہ چلنا سیکھنا چاہتا ہے اور اس کے لئے کوشش بھی کرتا ہے تو اسے واکر دیں تا کہ وہ اس کی مدد سے چلنے کی کوشش کرے۔ اس سے اس کی ٹانگیں مضبوط ہوں گی۔ جب وہ ذرا سا بڑا ہو تو اسے چھوٹی سائیکل گاڑی بھی لا کر دی جاسکتی ہے اور گھر پر اسے اس سے کھیلنے کا موقع دینے کے ساتھ ساتھ شام کو باہر لے کر بھی نکلا جاسکتا ہے تا کہ اگر آپ کے گھر کے سامنے سڑک پر ٹریفک نہیں ہے تو بچہ کھلے ماحول میں سائیکل یا گاڑی میں کھیل کر زیادہ خوش ہوتا ہے۔ اس طرح مختلف جانور بھی کھلونوں کی شکل میں بچوں کو لا کر دیئے جاسکتے ہیں اور ساتھ ساتھ انہیں یہ سمجھایا جائے کہ یہ کون سا جانور ہے۔ بلاکس کی مدد سے بچے کو گنتی یا چیزیں جوڑ اور توڑ کر بنانے کی پریکٹس بھی کروائی جاسکتی ہے۔

کھلونے کا مقصد محض کھیلنا نہیں ہونا چاہئے۔ بلکہ تفریح کے ساتھ ساتھ اس کے سیکھنے کا عمل بھی جاری رہنا چاہئے۔ اس سے اس کا ذہن زیادہ تیزی سے کام کرے گا اور کھیل کھیل میں وہ بہت کچھ سیکھ بھی جائے گا۔ رنگدار کھلونے رنگوں کی شناخت میں بچوں کی مدد کرتے ہیں۔

شوخ رنگ بچوں کو زیادہ پسند آتے ہیں اور اس سے بچے میں زندگی اور زندہ دلی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ کھلونوں کے ذریعے بچوں میں شیئرنگ کا احساس بھی پیدا کریں۔ اگر کوئی کزن یا دوست بچوں کے پاس آئے تو اپنے کھلونوں سے کھیلنے میں انہیں بھی شامل کریں۔ یہ ابتدائی چیزیں بچے کے ذہن پر نقش ہو جاتی ہیں۔ بچوں کا کھلونے مخصوص جگہ پر رکھنے کا احساس اجاگر کریں۔ تمام احمدی والدین اور خصوصاً واقفین نو بچوں کے والدین کو چاہئے کہ وہ اپنے بچوں کی نہایت احسن رنگ میں تربیت کریں تا کہ وہ بڑے ہو کر ملک اور جماعت کا قیمتی اور قابل وجود بنیں اور خدمت دین کے جذبے سے سرشار ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے بچوں کی اعلیٰ رنگ میں تربیت کرنے کی توفیق دے۔ آمین

☆......☆......☆......☆

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 66475 میں اعظم ندیم

ولد عبدالمجید بزاز قوم راجپوت کمبوہ پیشہ دوکانداری عمر30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن حافظ آباد بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 06-8-4 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/2800 روپے ماہوار بصورت دوکانداری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگراس کے بعدکوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔العبد اعظم ندیم گواہ شد نمبر1 نصیر احمد بھٹی ولد بسیر احمد بھٹی گواہ شد نمبر 2 ڈاکٹر لقمان نصیر ناصر ولد حکیم نصیر احمد تنویر

مسل نمبر 66476 میں ارشاد علی

ولد سخی محمد قوم بھٹی پیشہ ملازمت عمر42 سال بیعت 1998ء ساکن سیالکوٹ شہر بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 06-12-23 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیدادمنقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیدادمنقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔1۔ رہائشی مکان ساڑھے چار مرلہ مالیتی اندازاً-/1000000 روپے۔ 2۔ پلاٹ 2 مرلہ واقع میانہ پور مالیتی اندازاً-/140000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/8000+1977 روپے ماہوار بصورت تنخواہ + پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگراس کے بعدکوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد ارشاد علی گواہ شد نمبر1 محمد افضل ولد رحمت علی گواہ شد نمبر2 زاہد احمد ولد محمد صادق

مسل نمبر 66477 میں فیاض کوثر

زوجہ ارشاد علی قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سیالکوٹ شہر بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 06-12-23 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ طلائی زیور 5 تولے مالیتی اندازاً-/57000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگراس کے بعدکوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ فیاض کوثر گواہ شد نمبر1 محمد افضل ولد رحمت علی گواہ شد نمبر2 زاہد احمد ولد محمد صادق

مسل نمبر 66478 میں شبانہ زاہد

